



# مسلسل تفریق اور تقسیم




علی کی امی کے پاس 9 بسکٹ ہیں۔



وہ 3 بسکٹ علی کو دیتی ہے۔

$$9 - 3 = 6$$


اب اُس کے پاس 6 بسکٹ بچے۔



وہ 3 بسکٹ ثناء کو دیتی ہے۔

$$6 - 3 = 3$$

اُس کے پاس 3 بسکٹ رہ گئے۔




وہ 3 بسکٹ احمد کو دے دیتی ہے۔

$$3 - 3 = 0$$


اب اُس کے پاس 0 بسکٹ ہے۔

اس عمل کو مسلسل تفریق کا عمل کہتے ہیں۔


ایک ڈبے میں 8 بسکٹ ہیں۔




بتایئے ہم 2 کو 8 میں سے کتنی بار تفریق کریں کہ باقی صفر '0' بچے۔




پہلی دفعہ $8 - 2 = 6$



دوسری بار $6 - 2 = 4$




تیسری بار $4 - 2 = 2$



چوتھی بار $2 - 2 = 0$

ہم 2 کو 8 میں سے 4 بار نکال سکتے ہیں۔

اشیاء کو گننے کے بعد ان میں سے 2، 2 کر کے تفریق کرتے جائیں
یہاں تک کہ باقی 0 (صفر) شے رہ جائے۔




6 - 2 = 4
4 - 2 = 2
2 - 2 = 0

ہم 2 کو..................................بار تفریق کر سکتے ہیں۔



____ - 2 = ____
____ - 2 = ____
____ - 2 = ____
____ - 2 = ____
____ - 2 = ____

ہم 2 کو..................................بار تفریق کر سکتے ہیں۔



____ - 2 = ____
____ - 2 = ____
____ - 2 = ____
____ - 2 = ____

ہم 2 کو..................................بار تفریق کر سکتے ہیں۔

# تقسیم

علی کے پاس 6 گیند ہیں۔

وہ انہیں دو ڈبوں میں برابر برابر تعداد میں رکھتا ہے۔



$$6 \div 2 = 3$$

6 تقسیم 2 برابر 3

ہر ایک ڈبہ میں 3 تین گیند ہیں۔

تقسیم کی علامت ÷ ہے۔

اب علی ان گیندوں کو 3 ڈبوں میں برابر برابر تعداد میں رکھتا ہے۔



$$6 \div 3 = 2$$


6 تقسیم 3 برابر 2

ہر ایک ڈبہ میں 2 دو گیند ہیں۔

ایک ڈبہ میں 10 سیب ہیں۔

ہم ان سیبوں کو 5 ڈبوں میں برابر برابر تعداد میں رکھتے ہیں۔

ہر ایک ڈبہ میں کتنے سیب ہوں گے؟



$$10 \div 5 = 2$$


10 تقسیم 5 برابر ہے۔

ہم ہر ایک ڈبہ میں 2 سیب رکھیں گے۔

ایک ڈبہ میں 12 سنگترے ہیں۔

ہم ان سنگتروں کو 3 ڈبوں میں برابر تعداد میں رکھتے ہیں۔


ہر ایک ڈبہ میں کتنے کتنے سنگترے ہوں گے؟




$$12 \div 3 = 4$$

12 تقسیم 3 برابر ہے 4 ہر ایک ڈبہ میں 4 چار سنگترے ہوں گے۔


اشیاء کو تقسیم کریں اور خالی جگہ میں جواب لکھیے۔




8 ÷ 4 = ____



16 ÷ 8 = ____




9 ÷ 3 = ____




27 ÷ 3 = ____




12 ÷ 6 = ____



10 ÷ 5 = ____



15 ÷ 5 = ____



14 ÷ 7 = ____

انعم نے 15 بسکٹ بنائے۔



وہ ان بسکٹوں کو 3 ڈبوں میں برابر برابر رکھتی ہے۔

بتائیے وہ ہر ایک ڈبہ میں کتنے کتنے بسکٹ رکھتی ہے؟

$$15 \div 3 = ?$$

3 کا پہاڑا یاد کیجیے۔

$$1 \times 3 = 3$$

$$2 \times 3 = 6$$

$$3 \times 3 = 9$$

$$4 \times 3 = 12$$

$$5 \times 3 = 15$$

5 بار 3 برابر ہے 15

15 تقسیم 3 برابر ہے 5

$$15 \div 3 = 5$$

وہ ایک ہر ڈبہ میں 5 بسکٹ رکھتی ہے۔



تقسیم کر کے خالی جگہوں میں جواب لکھیے ۔

| | | |
|---|---|---|
| $4 \div 2 =$ ____ | $6 \div 2 =$ ____ | $9 \div 3 =$ ____ |
| $8 \div 4 =$ ____ | $10 \div 5 =$ ____ | $25 \div 5 =$ ____ |
| $16 \div 4 =$ ____ | $18 \div 9 =$ ____ | $21 \div 3 =$ ____ |
| $56 \div 8 =$ ____ | $42 \div 7 =$ ____ | $30 \div 6 =$ ____ |
| $6 \div 3 =$ ____ | $15 \div 3 =$ ____ | $28 \div 4 =$ ____ |
| $35 \div 7 =$ ____ | $64 \div 8 =$ ____ | $90 \div 9 =$ ____ |
| $72 \div 8 =$ ____ | $16 \div 2 =$ ____ | $18 \div 6 =$ ____ |
| $20 \div 4 =$ ____ | $10 \div 2 =$ ____ | $40 \div 10 =$ ____ |

28 کو 2 پر تقسیم کریں۔

$$28 \div 2$$

پہلا قدم:

سوال کو سامنے دی ہوئی شکل میں لکھیے۔

```
   ______
2 ) 2  8
```

دوسرا قدم:

تقسیم کا عمل بائیں طرف سے شروع کرتے ہیں۔ 2 کو 2 پر تقسیم کرتے ہیں۔

$2 \times 1 = 2$ so,
$2 \div 2 = 1$

```
    1
   ______
2 ) 2  8
  - 2
   ______
    0
```

تیسرا قدم:

8 کو 2 پر تقسیم کریں۔

$2 \times 4 = 8$ so,
$8 \div 2 = 4$

```
    1  4
   ______
2 ) 2  8
  - 2  ↓
   ______
    0  8
  -    8
   ______
       0
```

$$28 \div 2 = 14$$

تقسیم کا عمل مکمل کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| 3 ) 39 | 2 ) 26 | 5 ) 50 |
| 6 ) 66 | 3 ) 36 | 5 ) 55 |
| 4 ) 48 | 3 ) 63 | 4 ) 84 |
| 2 ) 62 | 3 ) 96 | 2 ) 46 |

**75 کو 5 پر تقسیم کیجیے۔**

$75 \div 5$

پہلا قدم:

سوال کو سامنے دی ہوئی شکل میں لکھیے۔

```
5 ) 7 5
```

دوسرا قدم:

تقسیم کا عمل بائیں طرف سے شروع کریں۔

7 کو 5 پر تقسیم کریں۔
باقی 2 بچے

```
      1
5 ) 7 5
  - 5
    2
```

تیسرا قدم:

5 نیچے اتارتے ہیں۔

یوں $5 \times 5 = 25$
$25 \div 5 = 5$

```
      1 5
5 ) 7 5
  - 5 ↓
    2 5
  - 2 5
      0
```

پس: $75 \div 5 = 15$

تقسیم کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| $4\overline{)72}$ | $2\overline{)34}$ | $3\overline{)45}$ |
| $7\overline{)84}$ | $5\overline{)65}$ | $8\overline{)96}$ |
| $6\overline{)90}$ | $5\overline{)85}$ | $2\overline{)46}$ |
| $4\overline{)52}$ | $5\overline{)90}$ | $3\overline{)72}$ |

## روزمرہ زندگی میں تقسیم کے متعلقہ سوالات

28 بسکٹ ہیں۔ ان بسکٹوں کو 7 ڈبوں میں یکساں تعداد میں رکھا گیا ہے۔


بتایئے ہر ایک ڈبہ میں کتنے بسکٹ رکھے گئے ہیں؟

$$28 \div 7 = ?$$

بسکٹوں کی کل تعداد 28 ہے۔



بسکٹوں کو 7 ڈبوں میں رکھا گیا ہے کہ
ہر ڈبہ میں اُن کی تعداد برابر ہے۔



ہر ایک ڈبہ میں 4 بسکٹ ہیں۔

$$28 \div 7 = 4$$




1 مس آمنہ کے پاس 14 ٹافیاں ہیں۔
وہ علی اور ثناء میں برابر تقسیم کر دیتی ہے۔
بتائیے ہر ایک بچے کو کتنی کتنی ٹافیاں ملتی ہیں؟

2 احمد کے پاس 18 گیند ہیں۔ وہ 2 ڈبوں میں گیندوں کی مقدار یکساں طور پر رکھتا ہے۔ بتائیے اُس نے ہر ایک ڈبہ میں کتنے گیند رکھے؟

3 ایک اُستاد کے پاس 30 پنسلیں ہیں۔ جماعت میں ہر ایک طالب علم کو یکساں طور پر 3 پنسلیں ملتی ہیں۔
بتائیے جماعت میں طالب علموں کی تعداد کتنی ہے؟



4 غبارے تعداد میں 24 ہیں۔ انہیں بچوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔
ہر ایک بچہ کو غبارے ملتے ہیں۔ بتائیے بچوں کی تعداد کتنی ہے؟

5 ایک پیکٹ میں 48 ٹافیاں ہیں۔
انہیں 8 بچوں میں مساوی طور پر تقسیم کر دیا گیا ہے۔
بتائیے ہر ایک بچہ کے حصہ میں کتنی کتنی ٹافیاں آتی ہیں؟